# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 02-09- 2026**

**Time : 07:40 / PM**

Opening

آداب، یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ تجمل۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

**ہیڈ لائنز**

✓ ۱ ----- جموں کشمیر کے دیرپا اور معیاری ترقیاتی منظرمے کو یقینی بنانے کیلئے انجینئروں پر وزیر اعلیٰ کا زور۔

✓ ۲ ----- جموں کشمیر اسمبلی کا آئندہ اجلاس **21** ستمبر سے / ایوان کی کارروائی پوری طرح سے بغیر کاغذ کے۔

✓ ۳ ----- جموں کشمیر سرکار کی طرف سے غریب کینسر مریضوں کیلئے انتظامی فنڈ میں جامع اصلاحات کا اعلان

اور

✓ ۴ ----- وزیر اعظم کی اندرون ملک تیار کی گئی مصنوعات کے استعمال کو ترجیح دینے کی اپیل۔

خبروں کی تفصیل:

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر کے زرعی، باغبانی اور جنگلاتی سیکٹروں کے گوناگوں وسائل کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ بائیوماس کچرے کو صاف توانائی میں تبدیل کئے جانے کی طرف توجہ دی جانی چاہئے تاکہ زیادہ سے زیادہ اقتصادی مواقعے پیدا کئے جاسکیں۔

سرینگر میں آج بائیو ماس سے متعلق کمیکل انجینئرس اینڈ نیشنل سیمنار کے **41**ویں قومی کنونشن کا افتتاح کرنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لیبارٹریوں سے فیلڈ تک اختراعیت کو پہنچانے کیلئے تعلیم دانوں، تحقیق دانوں اور صنعت کاروں کے مابین باہمی اشتراک کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے انجینئروں پر زور دیا کہ وہ جموں کشمیر کے دیرپا اور معیاری ترقیاتی منظرنامے کو یقینی بنانے کیلئے کام کریں۔

تقریب پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری، کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان، ڈائریکٹر **NIT** سرینگر انوراگ مشرا اور کئی دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔

عمر عبداللہ

اسی دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج **SKICC** سرینگر میں ایک تقریب کے دوران صحت و طبی تعلیم محکمہ میں نئے تعینات کئے گئے میڈیکل افسروں میں تقرر نامے تقسیم کئے۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے تاکید کی کہ تعیناتی کے بعد وہ طبی سہولیات کی فراہمی کے تئیں عوامی توقعات پر کھرا اترنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔

سرمائی اجلاس

ایک اہم پیش رفت کے تحت جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے آنے والے اجلاس کے دوران **Paper Less** نظام کار اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اجلاس رواں مہینے کی **21** تاریخ سے شروع ہوگا۔ اس سلسلے میں قانون، انصاف اور پارلیمانی امور محکمے کی جانب سے جاری ایک سرکیولر میں کہا گیا ہے کہ اجلاس کی کاروائی نیشنل ای ودھان ایپلیکیشن کے ذریعے چلائی جائے گی۔ سرکیولر میں مزید کہا گیا ہے کہ ممبران اسمبلی کی جانب سے پوچھے جانے والے سوال پہلے ہی متعلقہ محکموں کو بھیجے گئے ہیں۔ تمام انتظامی محکموں سے کہا گیا ہے کہ وہ روزانہ کی بنیادوں پر نیشنل ای ودھان اپلی کیشن پر لاگ ان کریں۔

کینسر فنڈ

طبی نگہداشت اور سماجی بہبود کے منظر نامے کو تقویت بخشتے ہوئے عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار نے غریب کینسر مریضوں کی راحت رسانی کیلئے 'کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ مینجمنٹ فنڈ فار پوور' میں اصلاحات کا اعلان کیا ہے، جس کی رو سے اس فنڈ سے استفادہ کرنے والے مریضوں کی کم سے کم سالانہ آمدن کی حد کو **2** لاکھ **40** ہزار سے بڑھا کر چار لاکھ روپے کر دیا گیا ہے اور اب چار لاکھ تک کی سالانہ آمدن والے کنبے بھی **CTMFP** سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

اس کے علاوہ وزیر اعلیٰ کے دفتر سے منظوری ملنے کے بعد متعلقہ ڈپٹی کمشنر **72** گھنٹوں میں یہ مالی معاونت **DBT** کے ذریعے مریض کے بینک کھاتے میں جمع کرسکتے ہیں۔

جاوید ڈار

زراعت اور دیہی ترقی کے وزیر جاوید احمد ڈار نے آج بارہمولہ ضلعے میں بومنہ۔ ہرون۔ زالورہ سے یمبرزاوری تک **18** کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی سڑک کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں ترقیاتی عمل کو بڑھاوا دینے کیلئے سڑک رابطوں میں بہتری لانا ضروری ہے۔

انہوں نے کہا کہ حکومت تمام علاقوں میں مرحلہ وار طریقے پر نئی سڑکیں تعمیر کرنے کے ساتھ ساتھ پرانی سڑکوں کے معیار میں بہتری لانے کیلئے وعدہ بند ہے۔

پی ایم

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے عوام سے ایک بار پھر اپیل کی ہے کہ وہ ملک کے اندر تیار کی گئیں مصنوعات کے استعمال کو ترجیح دیں۔ ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے لوگوں کو سونے کی غیر ضروری خرید و فروخت سے احتراض کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے شادیوں کی تقریبات ملک کے اندر منعقد کرنے کی تلقین کی۔

وزیر اعظم نے ملک کی مجموعی گھریلو پیداوار **7** عشاریہ **8** فیصد تک پہنچنے کیلئے لوگوں کو مبارکباد دی۔

**------PM Byte------**

پی ایم سمٹ

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں جل شکتی وزارت کے ڈیپارٹمنٹل سمٹ کے اختتامی اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔ یہ دوروزہ ڈیپارٹمنٹل سمٹ کل شروع ہوا اور یہ وزیراعظم کی جانب سےتصور کردہ سمٹس میں ایسا پہلاسمٹ ہے جن کامقصد کوآپریٹیوفیڈرلزم اورٹیم انڈیاسپرٹ کوتقویت دینا ہے۔
اس سمٹ میں واٹرانفراسٹریکچر پروجیکٹ، جل سینچے جن بھاگیداری۔ کیچ دِی رین، پینے کے پانی کے وسائل کی پائیداری اورجل جیون مشن **2.0** کی بروقت عمل آوری پرتوجہ مرکوزکرنا ہے۔

ایس جےشنکر

وزیرخارجہ ڈاکٹرایس جےشنکرکل سے ہفتے کےروزتک یوکرین اور پولینڈ کےتین روزہ دورے پرہوں گے ۔اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر جےشنکر یوکرین کے اپنے ہم منصب **Andrii Sybiha** اور پولینڈ کے نائب وزیراعظم اوروزیرخارجہ **Radoslaw Sikorski** کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔وزارت خارجہ نےکہاہےکہ ان کے اس دورے کامقصد دوطرفہ تعلقات کومزیدمضبوط بنانا ہے۔ان کا یہ دورہ علاقائی صورتحال اورباہمی دلچسپی کے اموپرخیالات کےتبادلے کاموقع بھی فراہم کرے گا۔

نیپال ہلاکت

نیپال میں تباہ کن سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد ایک ہزارسو سے تجاویزکرگئی ہے۔ نیپال کی قدرتی آفات کی روکتھام اوربندوبست سے متعلق قومی اتھارٹی کے مطابق اب تک پچھلے ہفتے آنے والے تباہ کن سیلاب میں بہہ جانے والے ایک ہزار **114** افراد کی لاشیں برآمد کی جاچکی ہیں جن میں **95** لاشوں کی شناخت کر کے انہیں ان کے اہل خانہ کے سپرد کردیا گیاہے۔

نیپال

دریں اثنا بھارت نےآج امدادی سازومان لیکرپانچواں جہاز نیپال روانہ کیاہے۔نیپال میں بھارتی سفیر نےسوشل میڈیاپوسٹ کے ذریعے یہ جانکاری دیتے ہوئے کہاکہ اس جہاز کے ذریعے **11** ممبران پرمشتمل ایک بچاؤ ٹیم بھی نیپال روانہ کی گئی جوخصوصی ٹنل ریسکو آلات سے لیس ہے۔اس کے علاوہ سیلاب زدگان کیلئے **5.5** ٹن ادویات بھی روانہ کی گئی ہیں۔

Break

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

احتجاج

حکمران جماعت نیشنل کانفرنس نے آج سرینگر میں بی جے پی کے دفتر کے نزدیک جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کے مطالبے کو لیکر ایک احتجاجی مظاہرہ کیا جس میں پارٹی کے سینئر لیڈر اور کابینہ وزیر سکینہ ایتو، کئی ارکان اسمبلی اور کافی تعداد میں کارکنوں نے شرکت کی۔ احتجاج کرنے والوں نے مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا کہ جموں کشمیر کا ریاستی درجہ جلد از جلد بحال کیا جائے۔ دریں اثنا بی جے پی نے لالچوک سرینگر میں سرکار کے خلاف عوامی سے کئے وعدوں کو بقول انکے پورا نہ کرنے کے خلاف احتجاجی دھرنا دیا جس کی قیادت پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے کی۔ اس موقعہ پر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔ احتجاج کرنے والوں نے الزام لگایا کہ موجودہ سرکار لوگوں کی راحت رسانی میں ناکام رہی ہے۔

این این

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کے ان کے پارٹی کے مطالبے کو دہراتے ہوئے کہا ہے کہ مرکزی سرکار معاملے کو لیکر اپنے وعدے کو پورا کرنے میں ناکام ہوئی ہے۔ ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج اننت ناگ کے دورے کے دوران کہا کہ ان کی پارٹی نے آج اس مطالبے کو لیکر احتجاج کیا اور وہ ریاستی درجے کی بحالی کیلئے کوششیں جاری رکھیں گے۔

## چیف سیکریٹری

جموں و کشمیر کے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کشمیری پنڈت مہاجرین کی جائیدادوں سے متعلق شکایات کے ازالے کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں افسران کو ہدایت دی گئی کہ تمام شکایات کا میرٹ پر، شفاف اور مقررہ مدت میں ازالہ یقینی بنایا جائے۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ جنوری سے جولائی 2026 تک 522 کنال سے زیادہ مہاجر اراضی بازیاب کر کے محفوظ بنائی گئی۔ آن لائن پورٹل پر 12 ہزار 223 شکایات درج ہوئیں، جن میں سے 10 ہزار 38 نمٹائی جا چکی ہیں۔ چیف سیکریٹری نے ٹیکنالوجی کے بہتر استعمال اور مہاجر املاک کے تحفظ پر زور دیا۔

## پولیس

اے ڈی جی پی آرمڈ نتیش کمار نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر پولیس کی طرف سے Civic ایکشن پروگرام کے تحت منعقد ہونے والے کئی کھیل سرگرمیوں کے تعلق سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر ستمبر مہینے میں Peddle for Peace سائیکل ریس، جشن ڈل اور اکتوبر مہینے میں منعقد ہونے والے رن فار یونیٹی کشمیر میراتھن اور 21 ویں مارٹیئرس میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے ان کھیل مقابلوں میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کی شرکت کو یقینی بنائیں۔

## کپیسٹی بلڈنگ

پولیس ہیڈکوارٹر سرینگر میں آج مشن کرم یوگی کے تحت جموں و کشمیر پولیس اور تربیتی اداروں کی 13 شاخوں کے افسروں کیلئے ایک کپیسٹی بلڈنگ اور ایم ڈی او اور ینٹیشن پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا افتتاح ڈی آئی جی پرسنل مبشر لطیفی نے کیا۔ ورکشاپ کا مقصد پولیس کے مختلف شعبہ جات اور تربیتی اداروں کو iGot کرم یوگی پلیٹ فارم کے کام کاج کے بارے میں واقفیت فراہم کرنا تھا تاکہ پولیس کے تربیتی ادارے پولیس اہلکاروں کی ٹریننگ اور صلاحیت سازی کے پروگرام اور کورسز کو iGot کرم یوگی پلیٹ فارم کے ساتھ ہم آہنگ کیا جا سکے۔

سی بی سی کے کوآرڈینیٹر عذیر سمنانی نے آئی گاٹ اے آئی کو بروئے کار لاتے ہوئے کپیسٹی بلڈنگ منصوبوں سے متعلق ایک اور ینٹیشن پیش کی جبکہ پولیس ہیڈکوارٹر میں اے آئی جی منوج کمار پنڈتا نے ابتدائی خطبہ پیش کیا۔

کرائم برانچ

کرائم برانچ جموں وکشمیر کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے ترال کے رہنے والے نثار احمد بٹ ولد غلام حسن بٹ،شوپیاں کے رہنے والے شاکر گل ولد شیخ گل محمد،محمد ایاض راتھر ولد عبد الرحمان راتھر،شیخ روحیل احمد ولد شیخ شفیق احمد اور رانت ناگ کے رہنے والے تنویر احمد راتھر ولد عبد الرحمان راتھر نامی پانچ افراد کے خلاف چیف جوڈیشل مجسٹریٹ بڈگام کی عدالت میں چارج شیٹ داخل کیا ہے۔
سال **2021** میں درج کئے گئے اس معاملے کی رو سے ان افراد پر ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیر کے دفتر کے نام کا تقرری اور تبدیلی سے متعلق ایک جعلی آرڈر تیار کرنے اور اس میں معاونت کرنے کا الزام ہے۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ توانائی کی یقینی فراہمی کا معاملہ قومی سلامتی کا ایک لازم ملزوم حصہ ہے اور یہ اقتصادی پائیداری کیلئے انتہائی اہم ہے۔نئی دلی میں آج چھٹے بین الاقوامی کلائمیٹ سمٹ **2026** سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے خود انحصار اور ٹیکنالوجی پر مبنی توانائی سیکٹر کو تقویت بخشنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت توانائی کی یقینی فراہمی کیلئے متعدد اقدامات کررہی ہے۔

انکم ٹیکس

انڈسٹریل گروتھ سینٹر لاسی پورہ پلوامہ میں آج انکم ٹیکس آفس ادھمپور کے باہمی اشتراک سے ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد کارخانہ داروں ، آنٹرپرنیورس اور دیگر متعلقین میں نئے انکم ٹیکس ایکٹ **2025** سے متعلق جانکاری دینا تھا۔

کھانڈ

مرکزی سرکار نے کھانڈ کی قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کیلئے اس کی سٹاک ہولڈنگ کی حد میں کمی کا اعلان کیا ہے۔سرکاری جانب سے جاری کی گئیں ہدایات کے مطابق اب ڈیلر **4** ہزار کوئنٹل کے بجائے صرف **2** ہزار کوئنٹل کا ذخیرہ کرسکتے ہیں۔یہ ہدایات فی الحال **15** ستمبر سے **30** نومبر **2026** تک لاگو رہیں گی۔

جموں

ڈویژنل کمشنر جموں رمیش کمار نے ایک میٹنگ کے دوران صوبے میں مختلف ایجنسیوں کی طرف سے عملائے جارہے سڑک پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے صوبے میں خاص طور سے قومی شاہراہوں پر جاری کاموں کی پیش رفت کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے ۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **29.6** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **19** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32.7** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **23.5** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **5** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **54** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔